فوری ریلیز کے لیے: 2022/7/18 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیویارک اسٹیٹ میں کاشتکاروں کے مستقبل پر توجہ دینے کے لیے ریاست بھر کے سماعتی دوروں کا اچانک آغاز کیا ہے

لانگ آئی لینڈ کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ گول میز گفتگو کے بعد ریاست بھر میں سماعتی سیشنز کا تیزی سے آغاز ہوا

نیویارک کے کاشتکاروں اور فارمز کے مستقبل پر توجہ دینے کے لیے زرعی ضنعت کے ساتھ سیشنز میں شمولیت

اولین سیشنز سوفک اور بروم کاؤنٹیز میں منعقد ہوں گے

گورنر Kathy Hochul نے نیویارک ریاست میں کاشتکاری کے مستقبل پر آج ہی ریاست بھر میں سماعتی دورے کی مہم کا آغاز کیا ہے۔ سماعتی سیشنز کا ایک سلسلہ ریاست کو کسانوں سے آب و ہوا، افرادی قوت اور معاشی چیلنجوں سے نمٹنے میں ان کی ترجیحات کے بارے میں براہ راست سننے کی اجازت دے گا، اور زراعت، غذائیت، اور ماحولیاتی شعبوں میں اہم فنڈنگ اور پالیسی تبدیلیوں کے لیے ریاست کی وفاقی ترجیحات سے آگاہ کرنے میں مدد کرے گا۔ سماعتی دورے کو تیزی سے شروع کرتے ہوئے، گورنر Hochul نے سفوک کاؤنٹی میں برونو فارم کا دورہ کیا اور لانگ آئلینڈ فارم بریوری/واٹر ڈرنکر فیملی فارم کے ساتھ گول میز سیشنز کر کے کامیابیوں اور خدشات کے بارے میں کاشتکاروں کی بات کو سنا۔ گورنر اور لیفٹیننٹ گورنر آنے والے مہینوں میں، زرعی کمشنر Richard A. Ball کے سماعتی سیشنز کے ساتھ، ریاست بھر میں دورے جاری رکھیں گے، جس میں متعدد اسٹاپس طے کیے گئے ہیں یہ یقینی بنانے کے لئے کہ ریاست گیر کاشتکار کمیونٹی کو اپنی آواز حکامِ بالا تک پہنچانے کا موقع ملے۔

"نیویارک کی زراعت کی صنعت ہماری معیشت، ہماری کمیونٹیز اور ہمارے طرزِ زندگی کے لئے ناگزیر ہے، اور ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ چونکہ ہم عالمی وبا سے بحالی کی جانب آتے جا رہے ہیں تو ہم فارمز پر خصوصی توجہ مرکوز کریں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہمارے کاشتکار ہمیشہ سے ہمارے لئے موجود رہے ہیں، اور ہم چاہتے ہیں کہ ہم بھی ان کے لئے موجود ہوں، اور یہ سماعتی سیشنز ہمیں زراعت کی کمیونٹی میں موجود مشکلات اور مواقع کی چھان بین میں مدد دیں گے۔ نیویارک کے کاشتکاروں، تمام نیویارک کے باشندوں کے نام میرا پیغام یہ ہے کہ: میں آپ کی بات سننے کی خاطر، آپ کی معاونت کرنے کی خاطر، اور ایسے مسائل پر عملی قدم اٹھانے کی خاطر یہاں موجود ہوں کہ جو آپ کے لئے اہم ہیں۔"

"یہ ناگزیر ہے کہ نیویارک ہمارے کاشتکاروں کے ساتھ کام کر کے ہماری زرعی صنعت کے لئے ایک قابلِ عمل اور مستحکم مستقبل کو یقینی بنائے،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "کانگریس میں میرے وقت میں، میری اوّلین ترجیحات میں سے ایک اپنی ریاست کے کاشتکاروں کے ساتھ کام کرنا اور فنڈنگ اور پالیسی دونوں تناظرات میں وفاقی حکومت کے تعاون کی وکالت کرنا تھی۔ سماعتی سیشنز کاشتکاروں کی زبانی ان کی کامیابیوں اور خدشات کی باتیں براہ راست سننے، اور اُن اقدامات پر تبادلہ خیال کرنے کا ایک شاندار ذریعہ ہیں جو ہم زراعت کی صنعت کو بہتر بنانے کی خاطر اٹھا سکتے ہیں۔"

ریاست گیر سماعتی دورہ ریاستی افسران اور زراعت کی صنعت کے سربراہان کو نمائندگان کے ساتھ مل بیٹھنے اور ریاست نیویارک کے لئے 2023 کے فارم بل (Farm Bill 2023) کی اہمیت، اور یہ نیویارک کے فارمز کو فروغ اور استحکام دینے میں کیسے مدد دے گا، اس بارے میں ان کی رائے سننے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے۔ ریاست نیویارک کے محکمہ زراعت و مارکیٹس (New York State Department of Agriculture and Markets، AGM) اور ہمراہ ریاستی ایجنسیز کی جانب سے مشترکہ طور پر میزبانی کردہ، دورہ ریورہیڈ، سفوک کاؤنٹی میں آج سفوک کاؤنٹی کمیونٹی کالج کے مقام پر شروع ہوا۔ کمشنر Ball کے ساتھ نیویارک ریاست کے محکمہ صحت (New York State Department of Health) کے ایگزیکٹیو ڈپٹی کمشنر Dr. Eugene Heslin اور نیویارک فارم بیورو کے نمائندگان شریک ہوئے۔

دوسرا سیشن بنگھیمٹن، بروم کاؤنٹی میں پیر، 25 جولائی کو بوقت دوپہر 1:00 بجے کورنیل کوآپریٹیو ایکسٹینشن بروم کاؤنٹی کے مقام پر طے کیا گیا ہے۔ کمشنر Ball کے ساتھ ریاستی شراکت دار، اسمبلی کی ذرعی کمیٹی (Assembly Agriculture Committee) کے چیئر Donna Lupardo، اور نیویارک فارم بیورو کے نمائندگان شریک ہوں گے۔ بنگھیمٹن سیشن کے لئے شرکاء FarmBill@agriculture.ny.gov پر ای میل کر کے دلچسپی پر مبنی ردِعمل ظاہر کر سکتے ہیں۔

ریاست بھر میں ہونے والے اضافی سیشنز کا آنے والے ہفتوں میں اعلان کیا جائے گا۔ تحریری تبصرے FarmBill@agriculture.ny.gov پر جمع کروائے جا سکتے ہیں۔

ریاستی کمشنرِ زراعت Richard A. Ball نے کہا، "فارم بل کو یہاں نیویارک میں ہماری زراعتی کمیونٹی کے تمام سیکٹرز کی جانب سے شاندار پذیرائی ملی ہے، اور ہم اس بارے میں اپنے شراکت داروں اور اسٹیک ہولڈرز کی رائے سننا چاہتے ہیں کہ ان کے نزدیک کیا اہم ہے۔ چونکہ البانی میں ہم آنے والے اس فارم بل سیشن میں اپنے کاشتکاروں کی وکالت کی تیاری کر رہے ہیں، تو ہم سننے میں آنے والے تبصرہ جات کو نہایت سنجیدگی سے لیتے ہیں اور ہم انہیں اپنی پالیسی ترجیحات متعین کرنے میں استعمال میں لائیں گے۔ میں ہر ایک کو ترغیب دیتا ہوں کہ آج اعلان کردہ سیشنز میں سے کسی ایک میں ہمارے ساتھ شامل ہوں یا باقی کے موسمِ گرما اور پھر خزاں میں جب ہم اپنی عظیم ریاست میں آپ کی بات سننے کی خاطر سفر کریں تو ہمارے ساتھ شامل ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا، "نیویارک کے کاشتکاروں کو ایسے تمام کمروں میں ٹیبل پر ایک اصل نشست درکار ہے جہاں صنعت کے بڑے گردانے جانے والے مسائل پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہو جس سے وسیع پیمانے پر زراعت کے شعبے پر کشادہ حل کشا اثرات مرتب ہوں گے۔ درج کردہ یہ دورے ہماری زراعتی کمیونٹی کے لئے ایک اہم موقع ہیں کہ وہ 2023 کے وفاقی فارم بل کی تخلیق کاری کے نہایت اہم عمل میں اپنی رائے دیں کہ جو نیویارک کے چھوٹے سے لے کر متوسط کاشتکاروں کے لئے، خاص کر ایک ایسے قومی منظرنامے میں کام کرتا ہے کہ جو بارہا وسیع پیمانے پر زراعت کو ترجیح بنا دے۔ میں ان متعدد اسٹیک ہولڈرز کی رائے سننے کا منتظر ہوں کہ جن کی گواہی وفاقی فارم بل کے لئے ہماری جدوجہد کو تقویت بخشنے میں مدد دے گی، ایک ایسا بل کہ جو ریاست نیویارک کی ترجیحات کا عکاس ہے۔"

رکن اسمبلی Donna Lupardo نے کہا، "یہ سماعتی دورے ان اسٹیک ہولڈرز کی بات براہ راست سننے کا ایک شاندار موقع ہے کہ جو ریاستی اور وفاقی زراعتی پالیسیز سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہوں۔ حاصل ہونے والا فیڈبیک نیویارک کو فارم بل کی ترجیحات کے تعین کا موقع دے گا، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ جاری و ساری فنڈنگ اور پالیسی کی مشکلات کو حل کیا جائے۔ میں اس میں وسیع پیمانے پر شرکت کا منتظر ہوں تاکہ کئی زیادہ نقطہ ہائے نظر سنے جا سکیں۔"

نیویارک فارم بیورو کے صدر David Fisher نے کہا، "فارم بل اُن متعدد ضروری پروگرامز کے لئے اشد ضروری فنڈنگ فراہم کرتا ہے کہ جن پر کاشتکار انحصار کرتے ہیں، جن میں خطرے کی تنظیم کی معاونت، بقا کے لئے امداد، اور ضروری تحقیق شامل ہیں۔ ہم کاشتکاروں کو ترغیب دیں گے کہ ان سماعتی سیشنز میں شریک ہوں تاکہ ریاست نیویارک کے محکمہ ذراعت و مارکیٹس کو ہماری متنوع زراعتی کمیونٹی کی ضرورتوں کو ترجیح دینے میں مدد مل سکے۔ نیویارک فارم بیورو کمشنر Richard Ball اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے فارم بل

کے اندر ہمارے کسان کے نزدیک جو چیز اہمیت رکھتی ہے، انہی کی زبانی سننے کی خاطر ہمارے سماعت دورے کی میزبانی کی۔"

دورے کے دوران حاصل کردہ فیڈبیک کاشتکاری نیز 2023 کے فارم بل کی تجدید کاری کی بات چیت کے دوران اشد ضروری فنڈنگ اور پالیسی کی تبدیلیوں پر ریاستی ترجیحات کے حوالے سے نیویارک ریاست کا پالیسی ایجنڈا تشکیل دینے میں مدد دے گا۔
فارم بل ایک اومنی بس ہے، ایک کثیر البرس قانون کہ جو زراعتی و غذائی پروگرامز کے ایک سلسلے کو منظم کرتا ہے۔ حالیہ ترین فارم بل، زراعتی ایکٹ 2018، 2023 کے آغاز پر زائد المیعاد ہو جائے گا۔

فارم بل سے متاثر ہونے والے اور سماعتی سیشنز میں زیرِ بحث لائے جانے والے کلیدی شعبہ جات میں زراعتی تحقیق، حیوانی مرض، بقا اور آب و ہوا کا استحکام، سائبر سکیورٹی، غذائی تحفظ، حشیش، مدخولہ انواع، مقامی غذائی نظام، اسپیشیئلٹی کروپ بلاک گرانٹس، اور تجارتی فروغ شامل ہیں۔

زراعت نیویارک ریاست کی معیشت کا ایک اہم محرک ہے اور نیویارک ریاست کے زمینی رقبے کے ایک چوتھائی سے زیادہ، یا 7 ملین ایکڑز کو، فارم کی زمین کی مد میں مختص کیا گیا ہے۔ تقریباً 33,000 سے زائد خاندانی فارمز دنیا کی کچھ بہترین خوراک پیدا کرتے ہیں جس کے ساتھ 30 مختلف کموڈٹیز میں ریاست چوٹی کی 10 ریاستوں میں شمار ہوتی ہے کہ جو اپنی کمیونٹیز کی معاونت کرتی ہیں۔ امریکی ریاست میں نیویارک دیسی پنیر، کھٹی کریم، اور دہی کا سب سے بڑا پیداوار کنندہ ہے؛ ریاست میپل سیرپ، سیب، اور بند گوبھی میں دوسرے نمبر پر ہے؛ انگوروں میں تیسرے، اور فلوریکلچر میں چوتھے نمبر پر موجود ہے۔ سبز پھلیوں، اسکواش، اور دودھ کی پیداوار میں بھی یہ پانچویں نمبر پر ہے، جو کہ ریاست کے زراعتی سیکٹر کا ایک بڑا حصہ ہے۔ تقریباً 3,500 ڈیری فارمرز نیویارک کی ریاست میں سالانہ 15.5 بلین پاؤنڈز دودھ کی پیداوار فراہم کرتے ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov

UNSUBSCRIBE